URDU

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز

اگست 2019

ایلیمنٹری



رہنمائی

طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق مختصر رہنمائی

محکمہ برائے خصوصی خدمات

دفتر برائے اصلاحی و انسدادی خدمات

دفتر برائے طالب علم کی حفاظت اور فلاح و بہبود

طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق ایلیمنٹری طلباء کے لیئے فوری رہنمائی

اسکولز اکٹھے کام کرنے اور سیکھنے والے افراد کی کمیونٹیز ہیں۔ ہر کسی کے ساتھ احترام اور حسن سلوک سے پیش آنا چاہیئے۔ ہمیں ایک دوسرے کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے اور خطرے کی صورت میں مدد حاصل کریں۔ ایک مضبوط، خوشگوار اور تخلیقی اسکول کمیونٹی تشکیل دینے میں درکار اہم عناصر کو یاد رکھنے کے حوالے سے، یہ کتابچہ آپ کی مدد کرے گا۔

حقوق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کا احترام کیا جائے۔ اگر آپ کو، یہمحسوس ہو کہ آپ کے ساتھ ایسا نہیں ہو رہا تو اپنے استاد، یا کسی دوسرے قابل بھروسہ بالغ سے بات کریں۔

آپ کو، ایک پر سکون اور محفوظ اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ کسی کو بھی آپکو دھکا دینے، لات مارنے، نقصان پہنچانے یا ایسے چھونے کی اجازت نہیں ہے، جس سے آپ برا محسوس کریں۔

آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق ہے کہ آپ کی چیزیں اسکول میں محفوظ رہیں، تاہم ایسی چیزیں اسکول مت لائیں جو آپ کو بہت عزیز یا قیمتی ہیں اور آپ انہیں کھونا یا حادثاتی طور پر توڑنا نہیں چاہتے۔

اگر آپ ضابطے سے اتفاق نہیں کرتے تو آپ کو قابل تعظیم طریقے سے،ب غیر کسی رکاوٹ یا سزا کے خوف سے، اپنے احساسات اور رائے کا اظہار کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ کسی بالغ فرد نے کوئی ایسا فیصلہ کیا ہے جو منصفانہ نہیں ہے تو آپ استاد یا پرنسپل سے ملاقات کا وقت طے کر سکتے ہیں اور وہ آپ سے ملاقات کریں گے۔

آپ کو کسی مداخلت کے بغیر عہد وفاداری کہنے اور ایک لمحے کی خاموشی اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔

ضابطے کی خلاف ورزی یا کسی کو نقصان پہنچانے کی صورت میں آپ کو واقعہ کی وضاحت کرنے کا حق حاصل ہے۔ ممکن ہے کہ آپ کو واقعہ کے بارے میں لکھنے کا کہا جائے، لیکن اگر آپ صرف بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے لیئے تحریر کرنا ضروری نہیں۔

ذمہ داریاں

- ہر ایک کو مل کر کام کرنا ہے اور یہ سوچنا ہے کہ کیسے آپ کا رویہ دوسروں کے حقوق اور احساسات پر اثر انداز ہو سکتا ہے، تا کہ ہم اسکول کمیونٹی میں بہترین تعلقات استوار کر سکیں۔
- ماسوائے اس کے کہ آپ بیمار ہیں، روزانہ اسکول میں حاضر ہوں۔ طلباء کو وقت پر کلاس میں آنا چاہیئے۔ دھیان سے سنیں، ہدایات پر عمل کریں،اور اپنا کام مکمل کریں۔
- اسکول کو محفوظ رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اپنے ہاتھوں اور پیروں کو اپنے قابو میں رکھیں۔ نہ کبھی کسی کو ماریں یا نہ ہی ایسے انداز میں چھوئیں جو انہیں بے بے چین کر دے۔ کوئی بھی ایسی چیز اسکول مت لائیں جس سے کسی کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو، ان اشیا میں بالخصوص ماچسیں، یا لائٹرز، منشیات، تمباکو، شراب، بندوق، اسلحہ و بارود، پھلجڑیاں، چاقو یا کسی بھی قسم کا اسلحہ شامل ہے۔ اگر آپ کو کوئی چیز خطرناک لگے تو فوراً کسی ٹیچر کو بتائیں۔
- اگر آپ کو اسکول میں کوئی دوا لینے کی ضرورت ہے تو کسی بالغ فرد کو، اسے اسکول کے ہیلتھ روم میں لانے کی ضرورت ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کو صحیح وقت پر صحیح مقدار ملے اور کوئی دوسرا اسے غلطی سے نہ لے لے۔
- اپنا اور دوسروں کا احترام کریں۔ مناسب زبان استعمال کریں، دوسروں کو برا بھلا یا ایسی بات نہ کریں جو دوسروں کو ایذا پہنچائے۔
- شائستہ اور دیانتدار رویہ اختیار کریں۔ اپنا کام خود کریں اور دوسروں کے کام کی نقل نہ کریں۔ دوسروں کے ساتھ منصفانہ سلوک رکھیں۔ اپنی باری کا انتظار کریں۔ کسی بالغ فرد کے بلانے پر رک کر مڑیں اور بات سنیں۔
- آپ اسکول میں کمپیوٹر، سیل فون، ٹیبلیٹ یا دوسرے الیکٹرناک آلات لا سکتے ہیں۔ اپنے ٹیچر کی بات سنیں اور ان کو تبھی استعمال کریں جب وہ اجازت دیں۔ ان کی حفاظت کریں، کیونکہ ان کے ٹوٹنے یا گم ہو جانے کی صورت میں اسکول ادائیگی نہیں کرے گا۔ بس میں آپ اپنے الیکٹرانک آلات پر ٹیکسٹ کر سکتے یا گیمز کھیل سکتے ہیں، لیکن فون پر بات مت کریں۔
- اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو اس کی اصلاح کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو مدد مانگیں۔ اگر آپ سے کوئی چیز ٹوٹ جائے، تو ٹکچر کو بتائیں تا کہ دونوں مل کر اسے ٹھیک کرنے یا تبدیل کرنے کا راستہ نکال سکیں۔ کسی کو نقصان پہنچانے کی صورت میں معافی مانگیئے اور پوچھیئے کہ آپ معاملات کو کیسے ٹھیک کر سکتے ہیں۔



➢ لباس کے قواعد

- ✓ طلباء کو ایسا لباس پہننا چاہیے جو اسکول کیلیئے موزوں ہے۔ آپ اسکول میں پڑھ یا کھیل رہے ہوں گے اور ممکن ہے کسی دن آپ کچھ بنا رہے ہوں، ڈرائنگ یا پینٹنگ کر رہے ہوں یا جسمانی سرگرمیوں کی مشق کر رہے ہوں۔ ایسے جوتے یا اسنیکرز جو آپ کے پاؤں کے پنجوں کو ڈھک کر رکھیں بہترین ہیں۔ آپ کی قمیض اتنی ہونی چاہیئے جو آپ کے پیٹ کو ڈھکے اور آپ کی پتلون کو آپ کا زیرجامہ ڈھکنا چاہیئے۔
- ✓ ایسا لباس جس سے غیر قانونی عمل ، گینگ، اسلحہ ، منشیات ، شراب کو فروغ ملتا ہو یا ایسا لباس جس میں دھمکیاں دی گئی ہوں، ممنوع ہے ۔
- ✓ ایسا لباس مت پہنیں جس پر فحش زبان لکھی ہوئی ہو یا فحش یا گھٹیا تصویریں بنی ہوں۔
- ✓ ممکن ہے کہ لباس کے قواعد سے متعلق آپ کے اسکول میں کچھ اضافی ضابطے ہوں۔

➢ بس اسٹاپ پر، بس کے اندر، فیلڈ ٹرپس پر یا اسکول کے زیر اہتمام دیگر سرگرمیوں کے دوران

ان مواقعوں پر انہیں ضابطوں کا خیال رکھیں جن کا اسکول میں رکھا جاتا ہے، تاہم اپنی حفاظت پر خصوصی توجہ مرکوز رکھیں۔ گروپ کے ساتھ رہیں۔ گلی میں مت کھڑے ہوں، سائڈ واک یا گھاس والی جگہ پر کھڑے ہوں۔ بس میں اپنے ہاتھوں کو اندر رکھیں، اپنی نشتت پر بیٹھے رہیں اور دھیمی آواز میں بات کریں۔ بس پر، اسکول کی سرگرمیوں میں یا فیلڈ ٹرپس پر کوئی بھی خطرناک چیز لے کر مت آئیں جیسے کہ ماچس، لائٹر، تمباکو، شراب، منشیات، یا ہتھیار ممنوع ہیں۔

➢ غنڈہ گردی، ہراسانی، اور دوسروں سے غلط برتاؤ کرنا

ہمارے اسکول میں مختلف طرح کے لوگ ہیں۔ وہ مختلف ممالک سے آتے ہیں اور کئی زبانیں بولتے ہیں۔ ان کی جسامت، شکل اور رنگ مختلف ہوتے ہیں۔ ان کے مذاہب مختلف ہیں اور وہ مختلف پس مظر کے حامل گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کبھی کسی کو تنگ یا پریشان مت کریں کیونکہ وہ آپ سے مختلف ہے، اس لیئے کہ آپ کو اس پر غصہ ہے یا آپ چاہتے ہیں کہ وہ کچھ کرے۔ اگر آپ دیکھتے ہیں کہ کسی کو تنگ یا پریشان کیا جا رہا ہے، چاہے ذاتی طور پر یا آن لائن، اس کے بارے میں کچھ کہیں۔ پریشان کرنے والے شخص کو منع کریں۔ جس فرد کو پریشان کیا جا رہا ہے اسے بتائیں کہ آپ اس کے دوست ہیں اور اسے اپنے ساتھ چلنے کے لئے کہیں۔ اگر وہ منع نہ ہو تو اس کی اطلاع کسی بالغ فرد کو دیں۔

اگر کوئی آپ کو پریشان کرے تو اسے ایسا کرنے سے روکیں۔ اگر ایسا کرنے والا باز نہ آئے تو وہ جگہ چھوڑ دیں۔ اگر پریشان کرنے والا مسلسل باز نہ آئے تو اسکی اطلاع فوری طور پر کسی بالغ فرد کو دیں۔ لوگوں کو نقصان پہنچانے، انہیں خوف زدہ کرنے یا ان کا مذاق اڑانے کی اجازت نہیں ہے۔

یہ *فوری گائیڈ* طلباء کے مختصر جائزے کے استعمال کیلیئے ہے۔ ریگولیشن 2601 کے تازہ ورژن میں موجود تفصیلی معلومات کا اطلاق تمام طلباء کے کردار پر ہوتا ہے۔